Roll No...........................

# MAUL-203

**Dastan, Drama, Novel & Afsana**

**(داستان،ڈرامہ،ناول اورافسانہ)**

Master of Arts (MA-12/16) URDU

Second Year, Examination, 2017

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 80**

ہدایت: یہ پرچہ تین حصوں الف، ب، اورج پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں کے سوالات کے جواب متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجئے۔

(حصہ الف)

درج ذیل سوالات میں سے کسی دو سوالوں کے مفصل جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے مقررہ نمبر ۱۹ ہیں۔ ۲×۱۹=۳۸





سوال ا۔ اقتباسات ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے۔

(الف)

'' ان عورتوں کے لئے جو علاقہ منتخب کیا گیا تھا وہ شہر سے چھ کوس دور تھا۔ پانچ کوس تک پکی سڑک جاتی تھی اور اس کے آگے کوس بھر کا کچا راستہ تھا۔ کسی زمانے میں وہاں کوئی بستی ہوگی مگر اب تو کھنڈروں کے سوا کچھ نہ رہا تھا۔ جن میں سانپوں اور چمگادڑوں کے مسکن تھے اور دن دہاڑے الّو بولتے تھے اس علاقے کے نواح میں کچے گھروندوں والے کوئی چھوٹے چھوٹے گاؤں تھے۔ مگر کسی کا فاصلہ بھی یہاں سے ڈھائی

میل سے کم نہ تھا۔ ان گاؤں کے بسنے والے انسان دن کے وقت کھیتی باڑی کرتے، پایوں ہی پھرتے پھراتے ادھر آنکلتے، ورنہ عام طور پر اس شہر خموشاں میں آدم زاد کی صورت نظر نہ آتی تھی۔ بعض اوقات روز روشن ہی میں گیدڑ اس علاقے میں پھرتے دیکھے گئے تھے۔

(ب)

''زیادہ دھوپ دیکھنے کی وجہ سے اس کا رنگ سنولا ہو چکا تھا۔ طبیعت میں ایک عجیب طرح کی بے قراری تھی۔ اس کا اضطراب شبنم کے اس قطرے کی طرح تھا۔ جو پارہ بن کراس کے بڑے سے پتے پر کبھی ادھر اور





کبھی ادھر لڑھکتا رہتا ہے۔ اس کا دبلا پن اس کی صحت کے خراب ہونے کی دلیل نہ تھی۔ ایک صحت مندی کی نشانی تھی۔ جسے دیکھ کر سندر لال پہلے تو گھبرایا۔ لیکن جب اس نے دیکھا کہ لاجو ہر قسم کا بوجھ ہر قسم کا صدمہ حتی کہ مار پیٹ سہ گزرتی ہے۔ تو وہ اپنی بد سلوکی کو بتدریج بڑھاتا گیا۔ اور اس نے ان حدوں کا خیال ہی نہ کیا جہاں پہنچ جانے کے بعد کسی بھی انسان کا صبرٹوٹ سکتا ہے۔ ان حدوں کو دھند ھلادینے میں لاجونتی خود تو بھی مد ثابت ہوئی تھی۔چونکہ وہ دیر تک اداس نہ بیٹھ سکتی تھی۔ اس لئے بڑی سے بڑی لڑائی کے بعد بھی سندرلال کے

صرف ایک بار مسکرانے پر وہ اپنی ہنسی نہ روک سکتی اور لپک کر اس کے پاس چلی آتی اور گلے میں باہیں ڈالتے ہوئے کہہ اٹھتی "پھر مارا تو میں تم سے نہیں بولوں گی"

سوال۲۔ اردو ناول کے آغاز وارتقاء پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

سوال۳۔ ڈرامے کی تعریف اور اجزائے ترکیبی پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

سوال۴۔ قرۃ العین حیدر کی ناول نگاری کے امتیازات بیان کیجئے۔

(حصہ ب)

درج ذیل سوالات میں سے کسی چار کے جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے مقررہ نمبر آٹھ ہیں۔ ۳۲=۸×۴





سوال۱۔ صنف ڈراما میں مکالمے کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

سوال۲۔ گئو دان کے کسی ایک کردار پر جامع نوٹ لکھیے۔

سوال۳۔ آزمائش کا پلاٹ مختصراً بیان کیجئے۔

سوال۴۔ "سب رس" کی امتیازی خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال۵۔ انتظار حسین کی افسانہ نگاری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

سوال۶۔ کرشن چند کی افسانہ نگاری کی لسانی خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال۷۔ راجیندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری تنقیدی نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال۸۔ داستانوں کی اپنے عہد کی تہذیب کا گہوارہ کہنا کس حد تک درست ہے۔ وضاحت کیجئے۔

(حصہ ج)

درج ذیل سبھی دس (۱۰) معروضی سوالوں کے جوابات صحیح متبادل چن کر دیجئے۔ ہر سوال کے لئے ایک نمبر مقرر ہے۔

۱۰=۱۰×۱

سوال۱۔ مندرجہ ذیل ڈراموں میں سے کون سا ڈرامہ محمد مجیب کا نہیں ہے۔

(الف) پردہ غفلت

(ب) آزمائش

(ج) کھیتی

(د) ہیروئن کی تلاش





سوال۲۔ ’’سب رس‘‘ کا مصنف کون ہے؟

(الف) قلی قطب شاہ

(ب) نظامی بیدری

(ج) ملاوجہی

(د) غواصی

سوال۳۔ ڈراما انار کلی میں انار کلی کی بہن کا کیا نام ہے۔

(الف) دلآرام

(ب) ثریا

(ج) عنبر

(د) مروارید

سوال۴۔ ’’سودائے سنگین‘‘ کی صنف کیا ہے؟

(الف) ناول

(ب) ڈراما

(ج) داستان

(د) افسانہ

سوال۵۔ ’’ چاندنی بیگم‘‘ کس کی تصنیف ہے؟

(الف) عصمت چغتائی

(ب) رضیہ سجاد ظہیر

(ج) خدیجہ مستور

(د) قرۃ العین حیدر

سوال۶۔ ماہ طلعت کس داستان کا کردار ہے۔

(الف) باغ و بہار

(ب) سب رس

(ج) فسانۂ عجائب

(د) عجائب القصص

سوال۷۔ مادھو اور بدھیا کس افسانے کے کردار ہیں؟

(الف) آنندی

(ب) کالو بھنگی

(ج) آخری آدمی

(د) کفن





سوال۸۔ جوگن کا کردار کس ڈرامے میں پایا جاتا ہے؟

(الف) انارکلی

(ب) الجھاوے

(ج) اندرسبھا

(د) آزمائش

سوال۹۔ کون سا ناول قرۃ العین حیدر کا نہیں ہے؟

(الف) لندن کی ایک رات

(ب) آگ کا دریا

(ج) چاندنی بیگم

(د) آخری شب کے ہم سفر

سوال۱۰۔ کون سا ڈراما آغا حشر کاشمیری کا نہیں ہے؟

(الف) اسیر حرص

(ب) ضحاک

(ج) یہودی کی لڑکی

(د) سلور کنگ